ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(215)

11-04-2023

**بہاول پور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس کی ہدایت پر یوم شہادت حضرت علی علیہ السلام کے موقع پر سیکیورٹی کے سخت انتظامات۔سینکڑوں پولیس افسران و اہلکار ڈیوٹی پر تعینات، یوم شہادت حضرت علی علیہ السلام کے موقع پر ایس او پیز کے عمل درآمد کو یقینی بنایا جائے گا،تمام شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈی پی او سید محمد عباس۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی فول پروف سیکیورٹی کی ایس او پی کے تحت ڈی پی او سید محمد عباس کی ہدایت پر یوم شہادت حضرت علی علیہ السلام کے موقع پر سیکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیئے گئے۔ضلع بہاولپور میں کل 5 جلوس برآمد ہونگے۔جن میں "A" کیٹگری کے 2،"B" کیٹگری کا 1 اور "C" کیٹگری کے 2 جلوس شامل ہیں اس کے علاوہ ضلع بہاولپور میں کل 29 مجالس بھی برپا ہونگی جس میں "A" کیٹگری کی 02، "B" کیٹگری کی 07اور "C" کیٹگری کی 20 مجالسِ شامل ہیں۔ ضلع بھر میں 800 سے زائد پولیس افسران و اہلکار اپنے فرائض سرانجام دیں گے۔اس کے علاوہ ڈولفن فورس، ایلیٹ فورس اور ایگل اسکواڈ گردونواح میں گشت پر موجود رہیں گے۔چھتوں پر بھی پولیس ملازمان کو تعینات کیا جائے گا۔ضلع کے سرکل افسران اور ایس ایچ اوز جاری شدہ سیکیورٹی پلان کے مطابق ڈیوٹی پر مامور افسران و اہلکاروں کو ایس او پی کے مطابق چیک کریں گے۔سیکیورٹی سکیننگ کے ساتھ ساتھ فزیکل تلاشی بھی کی جائے گی تاکہ کسی قسم کا کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش نہ آئے۔سول پارچات میں سیکیورٹی اہلکاروں کے ساتھ معاونین ادارے بھی اردگرد کے ماحول اور غیر متعلقہ افراد کی سرگرمیوں کی نگرانی کریں گے۔اس موقع پر ڈی پی او سید محمد عباس نے ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ ضلع میں امن وامان کی صورتحال برقرار رکھتے ہوئے یوم شہادت حضرت علی علیہ السلام کے جلوس ومجالس میں سیکیورٹی ایس او پیز پر عملدرآمد کو یقینی بنائیں،شہریوں کی حفاظت ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (216)

مورخہ 11/04/2023

**بہاولپور(          ) پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون، مختلف مقدمات میں 16 ملزمان گرفتار۔ بھاری مقدار میں اسلحہ ناجائز و دیسی شراب برآمد۔ اس بابرکت مہینے میں ایسے گھناونے کاروبار کرنے والے افراد کسی رعایت کے مستحق نہیں۔**

**ڈی پی او سید محمد عباس**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مہم میں بڑی کامیابیاں ملنے کا سلسلہ جاری ہے۔ تھانہ کوتوالی، سول لائنز، بغدادالجدید، مسافر خانہ، سٹی احمد پور شرقیہ، چنی گوٹھ، ہیڈ راجکاں اور ڈیراور پولیس نے 13 ملزمان رانا ساجد، فدا حسین، اللہ ڈتہ، محمد صفدر، محمد گلفام، عبدالجبار، محمد مرتضی، عبدالغفور، محمد عمران، محمد عرفان، افتخار احمد، محمد شفیع اور محمد بلال کو گرفتار کر کے قبضہ سے 12 پسٹل 30 بور اور 01 بندوق 12 بور برآمد کر لیں۔ جبکہ تھانہ ڈیرہ نواب صاحب اور عنائیتی پولیس نے 02 ملزمان شاہد اقبال اور ربنواز کو گرفتار کر کے قبضہ سے 75 لیٹر دیسی شراب 95 لیٹر لہن اور 2 چالو بھٹیاں برآمد کر لیں۔ اس کے علاوہ تھانہ چنی گوٹھ پولیس نے انتہائی تیز رفتاری اور لاپرواہی سے ڈرائیونگ کرتے ہوئے 01 ملزم قدیر خان کو گرفتار کر لیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف علیحدہ علیحدہ مقدمات درج کر لیے گئے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے۔ اس موقع پر ڈی پی او بہاولپور سید محمد عباس نے اپنے پیغام میں کہا کہ اس بابرکت مہینے میں ایسے گھناونے کام کرنے والے جرائم پیشہ افراد کے خلاف اسی طرح کریک ڈان کرتے ہوئے مزید موثر کارروائیاں عمل میں لائی جائیں گی تاکہ معاشرے کو ایسے ناسور عناصر سے پاک کیا جا سکے۔ عوام الناس کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنانے کے لئے بہاولپور پولیس دن رات مصروف عمل ہے۔ معاشرتی جرائم کا خاتمہ ہی پر امن معاشرے کی بقا کی ضمانت ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاولپور: پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کریک ڈاون، مختلف مقدمات میں 16 ملزمان گرفتار